RAMPUR GOVT. GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر	مطبوعہ ۲۰ ذیحجہ سال ۱۳۱۰ ہجری روز دوشنبہ مطابق ۲۵ جون ۱۸۹۳ عیسوی	جلد

فہرست مضامین

نمبر شمار	نام مضمون	نمبر صفحہ
۱	حکم صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر متعلقہ رپورٹ کپتان ٹیٹ صاحب بہادر درباره قواعد بجٹ	۱ و ۲
۲	روبکار صاحب ریونیو ممبر بہادر در خواستہائے رخصت کم از کم پندرہ روز قبل گذرنا چاہیے۔	۲
۳	روئداد کمیٹی میونسپل بورڈ شہر رامپور۔	ضمیمہ
۴ و ۵	نقشہ بارش و نقشہ حیات و ممات۔	"
۶	نقشہ نرخنامہ اجناس۔	"

حکم صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر متعلقہ رپورٹ کپتان ٹیٹ صاحب بہادر

حسب منشائے حکم عالی تجویز ہوا کہ ایک نقل اسکی اطلاعاً و تعمیلاً پاس کپتان صاحب بہجد بہجا کے اور ایک نقل واسطے اندراج گزٹ حسب منشائے تحریر کپتان سیری وڈر صاحب چارج گاش کو مرسل ہو۔ انتخاب پورٹ انگریزی درباره درستی لائن صاحب چیف انجنیر بہادر کے پاس واسطے کاروائی آئندہ مرسل ہو۔ ۱۰ جون ۱۸۹۳ء اور نیز انتخاب میگذارڈر میں درج کیا جاوے۔ محررہ مسد ...

ترجمہ انتخاب رپورٹ امپیریل سروس رسالہ ریاست رامپور

بابت ششماہی اول الغایت ۳۱ مارچ سنہ ۱۸۹۴ء عیسوی

مرسلہ کپتان ٹیٹ صاحب بہادر

دفعہ ۱ رجمنٹ کی عام حالت اچھی ہے - قاعدہ دانی مین کچھ استعداد تھوڑی نگرانی درکار ہے - کمانڈنگ کے واپس آنے سے رجمنٹ اپنی اصلی حالت پر آگیا - جبکہ کمانڈنگ خوب جنتی ہین اور اوسے اچھی حالت مین رکھتے ہین - یہ رجمنٹ اپنے فرائض منصبی کے انجام دہی مین کبھی قاصر نہین رہا - جہان تک کہ مجکو علم ہے - اور نہ اوسکی بابت کونسل آف ریجنسی کو کبھی وقت اوٹھانا پڑی - اور نہ غالبًا نواب صاحب بہادر کو آیندہ وقت اوٹھانا پڑے - میری راے مین یہ ایک مختصر اور کارآمد فوج نواب صاحب بہادر کی ہے جسے وہ مسند نشینی کے بعد گورنمنٹ کی امداد حفاظت ملک کے لیے دے سکین گے -

ڈسپلن دفعہ ۲ اس مد مین کوئی خاص ترقی نہین ہے جسکی رپورٹ کیجاوے لیکن مین اپنی دانست مین کہہ سکتا ہون کہ رجمنٹ کی حالت بدستور ہے - ایام قواعد زیادہ تر بہت سی رسومات کے وجہ سے ضائع ہوا - یعنی اولاً سیاحت بعدہٗ انتقال آنجہانی صاحب بہادر بار سفر ولایت اوسکے بعد شادی حضور پرنور - اور حسب بعد مسند نشینی - مجھے امید ہے کہ ایام گرما مین رجمنٹ بقیہ نمبرون کو پورا کر لیگا - اور عمدہ موقع اطمینان کے ساتھ قواعد کرنے کا ملیگا - سو یہ کسی کیمپ آف اکسرسائز مین شامل ہونے کا سال آیندہ مین موقع ملے گا -

اندرونی بندوبست دفعہ ۳ اندرونی بندوبست ہر طرح سے قابل اطمینان ہے ایک رسالہ قواعد منجملہ حصہ اول ہینڈبک گائڈ رسالجات پنجاب امپیریل سروس منظور ہوکر اور ترجمہ ہوکر غرض عملدرآمد مشتہر کیا گیا ہے - اس سے بہت سی ضروریات مطلوبہ رفع ہونگی -

اصطبل دفعہ ۴ اصطبل کا انتظام بخوبی ہوتا ہے اور گھوڑے اچھی حالت مین ہین -

زین ساز گروپ دفعہ ۵ زین اچھی ہے اور باقاعدہ درست ہوا کرتی ہے زائد ضروری جگہہ یا مکان جو افسرون کے واسطے درکار ہے وہ ابھی نہین بنایا گیا ہے - لیکن مینے اسکو ظاہر کردیا ہے غالبًا سال سنہ رواں کے بجٹ مین تدبیر تیاری کی کردیجاوے گی اسلیے کہ ششماہی اول کے اخیر مین گنجایش تھی -

روبکار اجلاس صاحب ممبران بہادر ریاست رامپور

واقع ۲۰ جون سنہ ۱۸۹۴ء

درخواستہاے رخصت اہلکاران جو تحصیلات سے آتی ہین وہ ایسی تنگ وقت پر بھیجتے ہین کہ خواہندہ رخصت کی روانگی وغیرہ مین صرف ایک یا دو روز کا فصل رہتا ہے اور اس مدت مین کوئی انتظام معقول نہین ہوسکتا - حوادث اتفاقی کا تو کوئی چارہ نہین ہے اگر کوئی ضرورت اتفاقیہ ناگہان پیش آوے تو مضائقہ نہین لیکن عام طور پر ایسی درخواستین رخصت کی کم از کم پندرہ روز قبل گذرنا چاہیے تاکہ انتظام کام کا باطمینان موقع ملے -

حکم ہوا کہ

تحصیلداران کو اطلاع دیجاے اور روبکار درج گزٹ ہووے

[illegible]

مطبع سرکاری ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا۔

حکم صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر۔ واقع ۴ جون ۱۸۹۴ء

ہر دفعہ کے سامنے حکم لکھدیا گیا ہے مطابق اوسکے حکم جاری ہو اور ایک نقل براے درج گزٹ سلطانی مسل براے کارروائی سکرٹری بورڈ کے پاس مرسل ہو۔

روئداد کمیٹی مینوسپل بورڈ شہر رامپور منعقدہ ۲۳ مئی ۱۸۹۴ء

منشی حاجی محمد ہادی حسن خانصاحب مجسٹریٹ ضلع صدر نشین

منشی نند کشور صاحب اسسٹنٹ مجسٹریٹ ضلع سکرٹری

شرکار ملازمین	شرکار غیر ملازمین	
۱- حکیم احمد رضا صاحب مہتمم شفاخانہ یونانی	۱- صاحبزادہ گلن خانصاحب ممبر	۲- حافظ مستقیم صاحب ممبر
۲- مولوی محمد یعقوب علیخانصاحب وکیل سرکار	۳- احمد علیخانصاحب ممبر	۴- مولوی محمد عبدالمجید خانصاحب وکیل ممبر
۳- پنڈت رام دیال صاحب ڈاکٹر فوج	۵- لالہ گوپال داس صاحب ممبر	۶- لالہ کنہیا لعل صاحب ممبر
	۷- لالہ بلدیو داس صاحب ممبر	۸- لالہ دیندیال صاحب ممبر

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی
۱- مسل درخواست عبدالرب خان بابت ٹھیکہ کلاوانی مفصلات مع رائے تحصیلات و کمیٹی رامپور نسبت اجرائے محصول ہذا۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ تحصیلات نے تاحال یہ نہیں لکھا گیا کہ وہاں گوشت کس نرخ سے فروخت ہوتا ہے لہذا اول جملہ تحصیلات سے نرخ گوشت دریافت کیا جاوے بعد ازاں تجویز ہوگی۔

ملاحظہ شد

۲- عرضی میاں نبی شاہ ساکن محلہ گنڈہ بدریجو بابت اجازت کندیدگی گڈہ در اراضی خود۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ بموجب دفعہ (؟) بابت چاہ مٹی لینے کیلئے سائل کو اجازت دیکر اقرارنامہ لکھا لیا جاوے کہ متعفن و غلیظ چیزوں سے گڈہ نہ بھرا جاوے اور نگرانی کیجاوے کہ خلاف اقرار نامہ کارروائی نہووے

ملاحظہ شد

۳- نوٹ مرزا محمد حسن صاحب ممبر دربارہ تصریح اختیارات ممبران بورڈ۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ مرزا صاحب نے اختیارات کی بابت کچھ اظہار نہیں کیا کہ کیا کیا اختیارات ممبروں کو ہونا چاہئیں لہذا ایسی نوٹ مرزا صاحب کو تکلیف دیجاوے کہ وہ اختیارات کی بابت یادداشت مفصل پیش کریں

ملاحظہ شد

۴- کاغذات درستی چاہ محلہ اکھاڑہ مع تخمینہ و رائے صاحب سکرٹری بورڈ۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ صاحب سکرٹری بورڈ نے اس چاہ کا خود معائنہ کیا ہے وہ درستی اسکی ضروری تحریر کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ پانی شیرین ہے اور اس چاہ سے بہت لیا جاتا ہے لہذا تخمینہ منظور ہے فوراً کام جاری ہو مابعد منظوری نوٹ ہذا چاہیے۔

ہمکو بھی گرداور صفائی یہ موقع دکھلادیں یہ تحریر ضابطہ اطلاع دیجاوے۔ ۱۰ جون ۱۹۴۲ء

۵- نوٹ صاحب سکرٹری بورڈ و رپورٹ گرداور صفائی دربارہ تجویز ڈلاؤ جانور کوڑہ حسب دفعہ (۱۶) باب پنجم دستور العمل میونسپلٹی۔	گرداور صفائی نے مقامات مفصلہ تحت تجویز کئے ہیں نمبر ۱ تھانہ بندریہ ملاظریف اینا پاستگی تالاب محلہ نالہ پار آراضی تالاب سرکاری۔ نمبر ۲ تھانہ جھجانی متصل باغیچہ ذوقی رام اینا پاستگی ... آراضی قبرستان۔ نمبر ۳ تھانہ کنڈہ متصل باغیچہ ذوقی رام اینا پاستگی تالاب موسوم کیلے والا آراضی سرکاری۔ نمبر ۴ تھانہ گوجر ٹولہ۔ اینا پاستگی تالاب کیلے والا آراضی سرکاری۔ نمبر ۵ تھانہ بینوا تالاب اینا پاستگی تالاب متصل مزار ایشاہ درگا جیتا آراضی قبرستان۔ نمبر ۶ تھانہ گنج اینا پاستگی تالاب متصل مزار شاہ ولی اللہ صاحب آراضی تالاب سرکاری۔ نمبر ۷ تھانہ بذریہ فتح علیخان۔ اینا پاستگی تالاب متصل سڑک جدید جیلخانہ آراضی سرکاری۔ نمبر ۸ تھانہ رزرا اینا پاستگی تالاب گوئیا و تالاب متصل مزار شاہ ولی اللہ صاحب آراضی سرکاری و قبرستان۔ نمبر ۹ تھانہ چوک اینا پاستگی تالاب کیلے والا و تالاب متصل مزار شاہ ولی اللہ صاحب آراضی سرکاری۔ بالاتفاق تجویز ہوئی کہ مقامات مندرجہ بالا منظور ہیں لیکن اسقدر گرداور صفائی کو ہدایت ہو کہ مقامات کے غار جہاں ہوں اونمیں کوڑہ نہ ڈالا جاوے اور ایک جانب سے تالاب پاٹتے جاویں اور برابر ہوتے چلے جاویں ایسا نہو کہ درمیانیں کوڑہ ڈالا جاوے اور موسم بارش میں کہ قریب ہے عفونت زیادہ تر پیدا ہو کر ترقی امراض کا باعث ہو جاوے اور اس امر کی بھی کامل نگرانی ہونی چاہیے کہ غلاظت ان مقامات پر ہرگز نہ ڈالی

ملاحظہ شد

۶- نوٹ صاحب سکرٹری بورڈ مع رپورٹ صفائی دربارہ تجویز مقامات بنا بر دفن جانوران مُردہ	صفائی سے مقامات مندرجہ تحت تجویز ہو کر رپورٹ آئی ہے — ۱- بیرون سرائے دروازہ عقب بڑا باغ۔

حسب دفعہ ۲۱ باب چہارم دستور العمل بورڈ۔

۲۔ بیرون نواب دروازہ۔ عقب مزار سید ن شہید ولی۔

۳۔ بیرون شاہ آباد دروازہ۔ متصل باغ میر شجاعت علی۔

۴۔ بیرون بلاسپور دروازہ متصل پزادہ۔

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ منجملہ ان مقامات کے صرف سرائے دروازہ و بلاسپور دروازہ کی منظوری بحالی ہے نواب دروازہ و شاہ آباد دروازہ کے مقامات بوجہ قریب منظوری کے قابل نہیں ہیں ایک ہی جانب جملہ مقامات ہونیسے باشندگان شہر کو تکلیف زیادہ ہوگی۔ بریلی دروازہ و عیدگاہ دروازہ اور مقامات تجویز کر کے جلد تر رپورٹ بھیجدیں صفائی کو لکھا جاوے۔

ملاحظہ شد

۷۔ روبکار صاحب چیئرمین میونسپل کمیٹی مع رائے کمیٹی معہ رپورٹ صفائی دربارہ خریداری گاڑیاں آہنی بنا بر کوڑہ وغیرہ۔

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ سردست اسقدر کہاں گنجائش ہے کہ سڑکین مندرجہ رپورٹ صفائی پختہ کرائی جاویں جسقدر سڑکین اسوقت پختہ ہیں اونکی ضرورت کے لحاظ سے رپورٹ آنا چاہیے کہ کسقدر گاڑیوں کی خریداری کی ضرورت ہے اور پہلی اب کسقدر گاڑیاں صفائی میں موجود اور کار آمد ہیں ٹوٹی ہوئی اور لوہار کے نوکر رکھنے کی درستی گاڑیاں کیلئے ابہی کوئی ضرورت نہیں ہے جو ایسی گذارش ہو کہ مفصل رپورٹ جلد بھیجدیں۔

ملاحظہ شد

۸۔ نوٹ مرزا محمد حسن صاحب ممبر بورڈ باطلاع چھڑکا جاتے پانی غلیظ چہبچہ کے۔

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ دفعہ ۲۷ باب چہارم قواعد بورڈ کے بالکل خلاف یہ کارروائی ہے کہ پانی چہبچہ کا سڑکون اور رستون پر ڈالا جاتا ہے آئندہ کیلئے قطعی ممانعت کیجاوے اور دریافت کیا جاوے کہ کیون خلاف کارروائی ہوتی ہے۔

ملاحظہ شد

۹۔ عرضی محلہ داران نالہ پار بدرخواست نصب لالٹین در مسجد و مسجد شاہ آباد دروازہ۔

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ نالہ پار کی مسجد ضرور ایسی ہے کہ وہاں لالٹین نصب ہونا چاہیے لہذا اگر در صفائی ایک لالٹین نصب کرا دیں اور بابت خرچ وہیں کی فنڈ معاید میں گنجائش ہے وہ صرف کی جاویں بقیہ میونسپلٹی سے دی جایا کریں بحساب فی لالٹین ۱۲ ماہوار کا خرچ ہے سال بھر کیلئے کی رقم ہونا چاہیے۔

ایسی رپورٹ علیحدہ ہمارے پاس واسطے منظوری کے آنا چاہیے ۱۳ رجون ۱۸۹۳ء

۱۰- عرضی محلہ داران کھیر فوج شاہجہان و کھیر ... بدرخواست انتظام روشنی مساجد۔

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ فنڈ مساجد میں بالکل گنجائش نہیں ہے لہذا عرض داخل دفتر ہوں۔

ملاحظہ شد

۱۱- کاغذات انتظام روشنی مسجد نواب دروازہ

صفائی کی رپورٹ سے واضح ہے کہ انتظام روشنی پیش ہے اور ایک نقشہ کل لالٹین ہا کے فاصلہ کے بابت زیر تیاری ہے اور جس میں اس مسجد کی روشنی کا بندوبست بھی بہ کمی بیشی فاصلہ لالٹین شریک کیا جاویگا لہذا بالاتفاق تجویز ہوئی کہ یہ کاغذات صفائی کو بھیجکر لکھا جائے کہ جلد تر وہ نقشہ مرتب کر کے اجلاس کمیٹی میں مع ان کاغذ کے بھیجے۔

۱۲- عرضی محلہ داران کوچہ بہاگمل بدرخواست نصب لالٹین بہ محلہ مذکور مع کیفیت صفائی۔

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ اس محلہ کے جملہ باشندگان سے بہ شرح چوکیدارہ بھی لیا جاتا ہے اور ضرورت نصب لالٹین کی محلہ دار درخواست کرتے ہیں اور ضرورت بھی ہے لہذا مناسب موقع پر ایک لالٹین نصب کر دیجاوے

بکمو موقع ملاحظہ کرانا چاہئے۔ ۲۰ جون ۱۹۲۳ء

۱۳- نوٹ بخشی صاحب فوج باطلاع نہ آنے گبریان وقت سعینہ بنا بر داغ و ملاحظہ ممبر صاحبان یا دیگر مراتب

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ گبریان ہمیشہ وقت طلوع آفتاب کے واسطے داغ و ملاحظہ ممبر صاحبان کے آتے ہیں دیرین آنیکی کیا وجہ ہے صفائی پر تاکید کیجاوے ممبر صاحبان جاتے ہیں اور دق اور حیران ہو کر چلے آتے ہیں آئندہ شکایت کرنا نہیں چاہیئے اور ایک کرسی وہاں واسطے نشست ممبر صاحبان کے بچھائی جایا کرے ممبر صاحبان کا وہاں انتظار گبریوں میں کھڑا رہنا نا مناسب ہے۔

صاف نہیں معلوم ہوتا کہ داغ لگانے ممبر لوگ جاتے ہیں یا ذبح کرانے کیواسطے اور کس مقام پر جانا ہوتا ہے دریافت کیا جاوے۔ ۲۰ جون ۱۹۲۳ء

۱۴- کاغذات رای صاحب مجسٹریٹ بہادر ضلع دربارۂ معافی ۵ ار بابت پرتہ چوکیدارہ ذنگی نندرام دکاندار متصل کاروان سرائے۔

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ رقم قلیل ہے لہذا معاف کیجاوے۔

ملاحظہ شد

۱۵- درستی نالی عقب کاروان سرای مع تخمینہ تعدادی دو روپیہ -	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ تخمینہ منظور ہے اجازت اجراے کام کی دیجاوے -

ملاحظہ شد

۱۶- عرضی محلہ داران چاہ خزانچیان بدرخواست تیاری کٹہرک چاہ مع تخمینہ تعدادی عـہ	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ اس چاہ پر کٹہرک پڑنا چاہیے مگر تخمینہ زیادہ ہے حافظ مستقیم صاحب ممبر بورڈ تیاری اس کٹہرک کی اپنے ذمہ لیتے ہیں اور وعدہ کرتے ہیں کہ پانچ چھ روپیہ میں تیار کرا دونگا بنا حافظ مستقیم صاحب کو تیاری کٹہرک کی اجازت دیجاوے -

ملاحظہ شد

۱۷- عرضی مٹھن لعل بدرخواست درستی چاہ محلہ زیریہ خانساماں مع تخمینہ تعدادی لعـہ	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ اول حافظ مستقیم صاحب ممبر بورڈ اس تخمینہ کی جانچ کر کے اطلاع دیں اور چاہ کو بھی دیکھیں ازاں بعد تجویز ہوگی -

ہمکو بھی یہ موقع ملاحظہ کرا دیا جاوے گرد اور صفائی سرخ دکھلا دیں سکرٹری بورڈ کو اطلاع دیجائے - ۲۰ جون ۱۹۱۲ء

۱۸- عرضی غلام محمد متعلقہ درخواست اجازت لینے مٹی از تالاب -	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ تالاب انپاشت کرائے جاتے ہیں اونمیں سے مٹی لینے کی اجازت نہیں ہو سکتی عرضی داخل دفتر ہو -

ملاحظہ شد

۱۹- نوٹ مرزا محمد حسن صاحب ممبر بورڈ دربارہ تیاری کٹہرک چاہ قریب زینہ عنایت خان	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ اول صفائی سے تخمینہ و کیفیت جلد تر طلب ہو -

ملاحظہ شد

۲۰- نوٹ مرزا محمد حسن خان دربارہ علیحدگی پر پوئیس آہنی درمیان پہاڑی دروازہ و نصب قریب مسجد چھوٹا خان	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ اول صفائی سے کیفیت مفصل طلب ہو جلد -

ملاحظہ شد

نقشہ بارش متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۱۴ لغایت ۲۲ جون سنہ ۱۸۹۴ء

تاریخ و روز	صدر – روزانہ	صدر – از ابتدا	تحصیل بلاسپور – روزانہ	تحصیل بلاسپور – از ابتدا	تحصیل سوار – روزانہ	تحصیل سوار – از ابتدا	تحصیل شاہ آباد – روزانہ	تحصیل شاہ آباد – از ابتدا	تحصیل ملک – روزانہ	تحصیل ملک – از ابتدا	ٹانڈہ – روزانہ	ٹانڈہ – از ابتدا
۱۴ جون روز پنجشنبہ	۲	۰	۰	۰	۰	۰	۱۱	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
۱۵ جون روز جمعہ	۳	۶	۰	۰	۰	۰	۲۱	۳۲	۰	۰	۰	″
۱۶ جون روز شنبہ	۳	۹	۰	۰		۰	۴	۳۶	۰	۰	۰	″
۱۷ جون روز یکشنبہ	۰	۹	۰	۰	۰	۰	۵	۴۱	۰	۰	۰	″
۱۸ جون روز دوشنبہ	۷	۱۶	۰			۰	۰	۴۱	۹	۰	۰	″
۱۹ جون روز سہ شنبہ	۰	۱۶	۸	۰	۲	۰	۰	۴۱	۷	۱۶	۰	″
۲۰ جون روز چہارشنبہ	۰	۱۶	۰	۸	۰	۶	۱۰	۵۱	۰	۱۶	۰	″
۲۱ جون روز پنجشنبہ	۰	۱۶	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	۲	۰	۵۱	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	″
۲۲ جون روز جمعہ	۱۸	۳۴	۰	″	۰	نقشہ نہیں آیا	۴	۵۵	۰	″	۰	″

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۱۶ لغایت ۲۲ جون سنہ ۱۸۹۴ عیسوی

نام مقام	تفصیل پیدائش – مرد – مسلمان	مرد – ہندو	عورت – مسلمان	عورت – ہندو	میزان	تفصیل اموات – تفصیل بہ سن – مسلمان	ہندو	ایک سال سے ۵ سال تک – مسلمان	ہندو	۵ سال سے ... – مسلمان	ہندو	... بالا – مسلمان	ہندو	میزان – مسلمان	ہندو	تفصیل ... – مسلمان	ہندو	تفصیل امراض – [illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
شہر رامپور	-	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰		نقشہ نہیں آیا
شاہ آباد	۵	۹	۱	۱۸	۳۳	۶	۲۷	۳	۳	۰	۱	۵	۳	۸	۷	۲	۱۳	۰	۰	۱۵	۰	۱۵	۰
ملک	۳	۱۸	۵	۱۹	۴۷	۸	۳۷	۱۲	۵	۱	۲	۱۴	۱۲	۲۷	۱۹	۵	۳۱	۰		۱۶	۳۰	۴۶	-
سوار	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
بلاسپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	″
ٹانڈہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰		۰	۰	″
میزان	۸	۲۷	۶	۳۷	۸۰	۱۴	۶۴	۱۵	۸	۱	۳	۱۹	۱۵	۳۵	۲۶	۷	۴۴	۰	۰	۳۱	۳۰	۶۱	۰

مطبوعہ ۲۵ جون سنہ ۱۸۹۴ جلد

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے ۱۸ لغایت ۲۴ جون سنہ ۱۸۹۴ عیسوی

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰	۱۹ سیر	۱۷ سیر	۱۸ سیر	۱۶ سیر	۰	حضور تحصیل و ٹانڈہ سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۰	۰	۲۰ سیر	۲۰ سیر	۲۲ سیر	۰	
نخود کسہ آمیز	۰	۲۲ سیر	۲۴ سیر	۲۲ سیر	۲۶ سیر	۰	
کستہ	۰	۰	۲۵ سیر	۰	۰	۰	
جئی	۰	۲۸ سیر	۰	یکمن	۳۰ سیر	۰	
گوجئی	۰	۲۰ سیر	۲۵ سیر	۲۵ سیر	۲۲ سیر	۰	
مکا	۰	۰	۰	یکمن	۰		
ماش	۰	۱۵ سیر	۱۳ سیر	۱۴ سیر	۰	۰	
مونگ	۰	۰	۱۵ سیر	۰	۰	۰	
مسور	۰	۰	۲۵ سیر	۲۰ سیر	۲۲ سیر	۰	
ارہر	۰	۰	۲۵ سیر	۱۸ سیر	۲۵ سیر	۰	
برنج	۰	۹ سیر	۱۱ سیر	۱۰ سیر	۱۰ سیر	۰	
روغن زرد	۰	۱ سیر	۱ سیر	۱ سیر	۱ سیر	۰	
روغن سیاہ	۰	۲ سیر	۲ سیر	۳ سیر	۳ سیر	۰	
روغن کنجد	۰	۳ سیر	۰	۰	۰	۰	
نمک سانبھر	۰	۷ سیر	۸ سیر	۰	۰	۰	
نمک لاہوری	۰	۶ سیر	۶ سیر	۰	۰	۰	
قند سیاہ	۰	۱۰ سیر	۱۱ سیر	۱۰ سیر	۱۱ سیر	۰	

مطبع سرکاری ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا